# 06-06-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆این ڈی اے پارلیمانی پارٹی کا اہم اجلاس کل نئی دہلی میں منعقد ہوگا۔

☆وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آندھراپردیش کے ساتھ خوشگوار تعلقات پر زور دیا ہے۔انہوں نے تلگودیشم پارٹی کے قومی صدر چندرابابونائیڈوکوشاندار جیت حاصل کرنے پر مبارک باد دی ہے۔

☆بی جے پی کے ریاستی صدر وسکندرآباد کے نومنتخب رکن پارلیمنٹ کشن ریڈی نے کہاہے کہ لوک سبھا انتخابات میں پارٹی کی طاقت میں قابل لحاظ اضافہ ہوا ہے۔

☆ورنگل۔کھمم۔نلگنڈہ گریجویٹ ضمنی انتخاب کے تحت ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔کانگریس کے امیدوارتین مارملنا سبقت بنائے ہوئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ماؤنوازوں نے یلند ولا ویسو نامی ایک دیہاتی کی موت پر افسوس ظاہر کیا ہے۔ یہ دیہاتی تین جون کوضلع ملوگو کے وینکٹ پورم منڈل کے کونگالا جنگلاتی علاقہ میں نکسلائیٹ کی جانب سے بچھائی گئی بارودی سرنگ میں ہلاک ہوگیا تھا۔سی پی آئی ماؤنواز پارٹی کے واز یدو۔وینکٹ پورم علاقہ کی کمیٹی کی سکریٹری شانتانے مہلوک کے افراد خاندان سے اظہار تعزیت کیا ہے۔شانتانے الزام عائد کیا کہ پولیس نے یلند ولا کو جنگلات میں روانہ کیا تھا تاکہ ماؤنوازوں کی تحریک کے تعلق سے اطلاعات حاصل کی جاسکیں۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ پولیس نے یلند ولا کی موت کی ذمہ داری حاصل کرنے کے بجائے اس کے لئے ماؤنوازوں کومورد الزام ٹھہرایا ہے۔ شانتانے مطالبہ کیا کہ دیہاتی کی موت کیلئے پولیس کوذمہ داری قبول کرنی چاہئے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد میں ہفتہ اوراتوار کونمائش میدان پرمچھلی میں دمہ کی دوا دیئے جانے کیلئے تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کی جانب سے خصوصی بسیں چلائی جائیں گی۔آرٹی سی کی جانب سے شہر کے مختلف مقامات سے نمائش میدان تک بسیں چلائی جائیں گی۔خصوصی بسیں،ریلوے اسٹیشنوں،اصل بس اسٹیشنوں اورایئرپورٹ سے نمائش میدان تک چلائی جائیں گی۔اس کے علاوہ دلسکھ نگراورافضل گنج سے چلائی جانے والی بسیں بھی خصوصی طور پر براہ گاندھی بھون روانہ ہوں گی۔

☆☆☆☆☆

تلگودیشم پارٹی کے قومی صدر چندرابابونائیڈوکی آندھراپردیش میں واقع اونداولی کے مقام پران کی رہائش گاہ پرآج سینئرآئی اے ایس،آئی پی ایس آفیسرس اورسینئر لیڈرس کی ایک بڑی تعداد جمع ہوئی۔سابق ایڈیشنل ڈائرکٹر جنرل آف پولیس انٹلی جنس انجنائیلوبھی آج صبح خیرسگالی کے طور پر نائیڈو کے مکان پہنچے تاہم انہیں سکیورٹی عہدیداروں کی جانب سے نائیڈو سے ملنے کی اجازت نہیں دی گئی کیوں کہ تلگودیشم کے سربراہ نے انہیں ملاقات کا وقت نہیں دیا تھا چنانچہ انجنائیلو،نائیڈو سے ملاقات کے بغیر ہی روانہ ہوگئے۔ایک اورسینئر آئی پی ایس آفیسراورآئی جی پی رگھورامی ریڈی بھی ٹی ڈی پی سربراہ سے ملاقات نہیں کرسکے۔رامی ریڈی نے کل تمام عہدوں سے استعفیٰ دیدیا تھا اور پولیس ہیڈکوارٹرس میں رپورٹ کی تھی۔ریٹائرڈ ایڈیشنل ڈی جی پی وینکٹیشورراؤنے بھی چندرابابونائیڈو سے ملاقات کی۔وہ چھ دن قبل ریٹائرڈ ہوئے ہیں۔اسی دوران تلگودیشم پارٹی کے ذرائع نے کہا کہ چندرابابونائیڈو نے آج نومنتخبہ ارکان پارلیمنٹ کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی۔ذرائع مطابق وہ نئی دہلی کیلئے روانہ ہوں گے تاکہ این ڈی اے کی میٹنگ میں شرکت کی جاسکے۔

☆☆☆☆☆

نریندرمودی کے ملک کے تیسری مرتبہ وزیراعظم کے طور پرحلف برداری تقریب کے انعقاد سے قبل سینئر عہدیداروں بشمول اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو، پرسار بھارتی کے سی ای او گورودیویدی،آکاش وانی کی ڈی جی موسمی چکراورتی اوردوردرشن کے ڈائرکٹر جنرل کنچن پرسادنے آج نئی دہلی میں واقع راشٹرپتی بھون میں حلف برداری کے کوریج کیلئے تیاریوں کا جائزہ لیا۔کل این ڈی اے کے ممبرس نے متفقہ طور پر بطور وزیراعظم اوراپنے اتحاد کے لیڈر کے طور پر نریندرمودی کے نام کی حمایت کی۔

قومی جمہوری محاذ (NDA) حکومت سازی کیلئے تیاری کررہی ہے۔وہیں بی جے پی کے صدر جے پی نڈا نے آج نئی دہلی میں مرکزی وزراءاور پارٹی کے سینئرلیڈرس کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی۔اس میٹنگ میں مرکزی وزیرداخلہ امیت شاہ،وزیردفاع راج ناتھ سنگھ،مرکزی وزراء پیوش گوئل،پرہلاد جوشی،منسوکھ مانڈاویااوراشوینی ویشنو کےعلاوہ بی جے پی کےقومی جنرل سکریٹری ترون چوگھ،پارٹی لیڈرونود تاوڑےاور دیگرسینئرلیڈرس نےشرکت کی جونڈاکی رہائش گاہ پرمنعقد ہوئی۔نئی دہلی میں کل جمعہ کواین ڈی اے پارلیمانی پارٹی میٹنگ منعقد ہوگی۔توقع ہے کہ اس میٹنگ میں بی جے پی،تلگودیشم،جے ڈی یو،ایل جے پی(آر)،شیوسینا(شنڈے)اور این ڈی اےاتحاد کی دیگر پارٹیوں کےارکان شرکت کریں گے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آندھراپردیش اسمبلی انتخابات میں جن سینا اور بی جے پی اتحاد کے ساتھ شاندار کامیابی حاصل کرنے پر تلگو دیشم کے صدر چندرابابونائیڈوکومبارک باد پیش کی ہے۔ریونت ریڈی نے نائیڈو سےفون پر بات چیت کی اور نیک خواہشات کااظہار کیا۔ریونت نے اس بات پرزوردیا کہ دونوں تلگوریاستوں تلنگانہ اورآندھراپردیش کواے پی تقسیم جدید قانون سے متعلق زیرالتوا معاملات کودوستانہ ماحول میں اور باہمی تعاون کے ساتھ حل کرنا چاہئے۔بعدازاں ریونت ریڈی نےمحبوب آباد پارلیمنٹ حلقہ کے نتیجے کےسلسلہ میں ایک جائزہ میٹنگ منعقد کی۔اس میٹنگ میں محبوب آباد سے جیت حاصل کرنے والے کانگریسی امیدواربلرام نائیک،وزیرسیتااکا،مشیر برائے وزیراعلیٰ نریندرریڈی،سرکاری وہپ رامچند رنائیک اورمحبوب آبادلوک سبھا حلقہ کے ایم ایل ایز نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

نیشنل لیگل سرویس اتھارٹی کی ہدایت پرتلنگانہ اسٹیٹ لیگل سرویس اتھارٹی (TSLSA) کی جانب سے ریاست بھرمیں پرسوں ہفتہ کوقومی لوک عدالت منعقد کی جائے گی تاکہ تمام نوعیت کے سیول،فوجداری اور دیگرزیرالتوا مقدمات کی یکسوئی کی جاسکے۔عوام سےان عدالتوں سے استفادہ کی خواہش کی گئی ہے۔یہ عدالتیں فزیکل اورورچول طریقہ سےمنعقد ہوں گی۔ایسےافراد جواپنے مقدمات کی یکسوئی کے خواہاں ہیں، متعلقہ ڈسٹرکٹ لیگل سرویس اتھارٹی ناویاسیواسدن ڈسٹرکٹ کورٹ کامپلکس پہنچ کردرخواست دے سکتے ہیں۔ٹی ایس ایل ایس اے کےرکن سی ایچ پنچک شاری نے یہ بات بتائی۔

☆☆☆☆☆

بی جے پی کے ریاستی صدروسکندرآباد کےنومنتخبہ رکن پارلیمنٹ کشن ریڈی نے آج کہا ہے کہ لوک سبھا انتخابات میں طاقت میں قابل لحاظ اضافہ ہوا ہے جبکہ ریاست میں بی آرایس مکمل طور پرروندی گئی۔نئی دہلی میں آج میڈیا کےنمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ ہرانتخاب میں پارٹی کے ووٹ کافیصد بڑھ رہا ہےجس سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ تلنگانہ کےعوام بی جے پی کواقتدارمیں دیکھنے کےخواہاں ہیں۔حالیہ انتخابی نتائج کا حوالہ دیتے ہوئے بی جے پی لیڈر نے کہا کہ پارٹی نے آٹھ ایم پی نشستیں جیتیں اورسات پارلیمانی حلقوں میں دوسرے مقام پررہی جبکہ بی آرایس کوکئی حلقوں میں ضمانت سےمحروم ہونا پڑا۔کشن ریڈی نے مزید کہا کہ ان کی پارٹی نےمحبوب نگرایم پی کی سیٹ بھی جیتی جووزیراعلیٰ ریونت ریڈی کا حلقہ ہے۔ان کے مطابق بی جے پی نے پارلیمانی انتخابات میں تلنگانہ میں پینتیس فیصد ووٹ حاصل کئے۔اس بات کااظہار کرتے ہوئے کہ انتخابات کے دوران کانگریس پارٹی نے جھوٹی مہم چلائی، کشن ریڈی نے کہا کہ عوام نے وزیراعظم نریندرمودی پراپنا بھروسہ دکھایااورانتخابات میں ان کی بھرپورحمایت کی۔

☆☆☆☆☆

پارلیمنٹ کےکئی نومنتخبہ ارکان کی نئی دہلی میں آمد کاسلسلہ جاری ہے جبکہ لوک سبھاسکریٹریٹ کی جانب سےاٹھارہویں لوک سبھاکےارکان کے خیرمقدم کیلئے تیاری کی گئی ہے۔سکریٹریٹ نے ایک ریلیز میں کہا کہ کئی ارکان کا خیرمقدم کیا گیااوران کے آن لائن رجسٹریشن کویقینی بنایاجائے گا۔ریلیز کےمطابق نومنتخبہ ارکان پارلیمنٹ کےناموں کارجسٹریشن بذریعہ آن لائن کیاجائے گا۔سکریٹریٹ کی جانب سےمزید بتایا گیا کہ ایس بی آئی بینک اکاؤنٹ کھولنے،مستقل شناختی کارڈ کی اجرائی اورنئے ارکان کوبروقت مرکزی حکومت کی ہیلتھ اسکیم کے کارڈ جاری کرنے کیلئے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

جنوب مغربی مانسون نے تلنگانہ کے مزید چند علاقوں میں پیشرفت کی ہے۔آئندہ تین تا چار دن کے دوران ریاست کے چند مزید مقامات پر مانسون کے اور بھی پیشرفت کیلئے حالات سازگار ہیں۔اضلاع گدوال،ناگرکرنول اور نلگنڈہ میں مختلف مقامات پر شدید بارش ہوئی۔

☆☆☆☆☆

ورنگل۔کھمم۔نلگنڈہ گریجویٹس ضمنی انتخاب کے تحت ووٹوں گنتی کا سلسلہ جاری ہے جبکہ کانگریس کے امیدوار تین مار ملنا عرف نوین،اٹھارہ ہزار سے زائد ووٹوں سے سبقت بنائے ہوئے ہیں۔جملہ دولاکھ اٹھیاسی ہزار ووٹوں کے منجملہ اب تک گنتی کا تیسرا دور مکمل ہو چکا ہے۔تین مار ملنا نے ایک لاکھ چھ ہزار سے زائد ووٹ حاصل کر لئے ہیں جبکہ ان کے بی آر ایس حریف امیدوار راکیش ریڈی کو ستیاسی ہزار سے زائد ووٹ ملے ہیں۔بی جے پی کے پریمیندر ریڈی کو چونتیس ہزار سے زائد ووٹ حاصل ہوئے ہیں۔اسی طرح آزاد امیدوار اشوک کمار نے ستائیس ہزار سے زائد ووٹ حاصل کئے ہیں۔

☆☆☆☆☆